The Baptist Tabernacle of Los Angeles

Mailing Address:
P. O. Box 15308
Los Angeles, CA 90015
Phone: (213) 744-9999
E-mail: rlhymersjr@sbcglobal.net
www.sermonsfortheworld.com
www.baptisttabernacle.com

Jack Ngann
Pastor

Dr. R. L. Hymers, Jr.
Pastor Emeritus

دسمبر، 2021

پیارے دوست:

ہم کس قدر شدید آزمائشوں کا شکار ہوتے ہیں، اور خداوند کی بھلائی کس قدر عظیم تر ہے! اس سال جنوری میں میری دیندار اور پیاری بیوی الیانا کا کورونا ٹیسٹ مثبت آیا۔ میں نے سوچا کہ وہ مر سکتی ہیں۔ ہمارے گرجہ گھر نے اُن کے لیے کئی بار دعا مانگی۔ اور پوری دنیا کے پادری صاحبان اور دیگر مسیحیوں نے بھی اُن کے لیے دعا مانگی اور اُنہیں تسلی اور سہارے کے پیغامات دیے۔ پاکستان میں ایک مبلغ ہر صبح اُنہیں ٹیلی فون کیا کرتی تھی پوری دنیا سے اُنہیں ٹیلی فون آتے تھے! خدا نے جواب دیا، اور میری بیوی مکمل طور پر صحت یاب ہو گئی! میں ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے اُن کے لیے دعا مانگی۔

میری زندگی کی آیت ہمیشہ فلپیوں4: 13 رہی ہے۔ میں اِسے اس سے پہلے والی آیت کے ساتھ دوں گا۔ بائبل کہتی ہے،

> ''میں ناداری سے واقف ہوں اور میں نے فراوانی کے دِن بھی دیکھیں ہیں۔ چاہے میں سیرو آسودہ ہوں، چاہے فاقہ کرتا ہوں، چاہے میرے پاس ضرورت سے زیادہ ہو، میں نے ہر وقت اور ہر حال میں خوش رہنا سیکھا ہے۔ مسیح جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس کی مدد سے میں سب کچھ کر سکتا ہوں'' (فلپیوں4: 12، 13)۔

مسیح نے مجھے اور الیانا کو اُس کی بیماری کے وقت قوت بخشی۔ اور مسیح ہمیں قوت بخشتا ہے جب ہم خوش ہوتے ہیں اور اُنہیں یعنی الیانا کو شفا دینے کے لیے خُدا کا شکر ادا کرتے ہیں۔ ''مسیح جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس کی مدد سے میں **سب کچھ** کر سکتا ہوں''

24 مارچ کو حصریہ دستاویز [دستاویز جو کسی ثالثی شخص کےسپرد کسی شرط کی تکمیل کے لیے بہ تحویل امانتی رکھی جائے] کے مطابق آخر کار لاس اینجلس کے مرکز میں ہماری پرانی عمارت کی فروخت پر پابندی ختم ہو گئی۔ اس عمارت پر اب ایک کوریائی چرچ کا قبضہ ہے۔ یہ رقم سان گیبریل میں ہمارے گرجا گھر کی نئی عمارت کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کی جا رہی ہے۔ جیک نعان Jack Ngann نئے گرجا گھر، ''عظیم ترین لاس اینجلس کی بپتسمہ دینے والی چینی عبادت گاہ'' کے پادری ہوں گے۔

11 اپریل کو ہم سب پرتعیش بیورلی ہلٹن ہوٹل میں میری 80 ویں سالگرہ منانے کے لیے ملے، جو اگلے دن منعقد ہوئی۔ دنیا بھر کے مبلغین اور مسیحیوں کی طرف سے سالگرہ کی بہت سی خراج تحسین پیش کی گئیں۔ ہمارے بیٹے رابرٹ لیزلی نے ضیافت کے کھانے اور تقریب سے وابستہ ہر چیز کے لیے ادائیگی کی۔ رابرٹ ایک عقلمند اور کامیاب کاروباری شخص ہے۔ ڈومینیکن ریپبلک میں بیت صیدا مسیحی گرجا گھر کے پادری جناب محترم رُوپرٹو میڈینہ نے تقریب میں یہاں آنے کے لیے پرواز پکڑی اور افتتاحی دعا مانگی۔ ہم نے کس قدر یادگار وقت گزارا!

3 مئی کو ہماری ویب سائٹ www.sermonsfortheworld.com پر اوڈیا میں واعظ ہوئے۔ اوڈیا ہندوستان کی متعدد زبانوں میں سے ایک ہے۔ 30 ملین سے زیادہ لوگ اسے اپنی پہلی زبان کے طور پر بولتے ہیں! میں ان واعظوں کے لیے پیسے نہیں مانگتا۔ میری خواہش صرف یہ ہے کہ خوشخبری کو پوری دنیا میں زیادہ سے زیادہ زبانوں میں پہنچایا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ واعظوں کے مسودات کاپی رائٹ کے حامل نہیں ہیں، اور لوگ ان کی تبلیغ کر سکتے ہیں یا انہیں اپنی مرضی کے مطابق استعمال کر سکتے ہیں۔ ہر ہفتے ہمیں پوری دنیا سے ای میلز موصول ہوتی ہیں جس میں ان پیغامات کو فراہم کیے جانے کے لیے میرا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

14 مئی کو ایک عظیم واقعہ ہوا۔ ہمارا پوتا رابرٹ لیزلی ہائیمرز چہارم پیدا ہوا تھا! وہ میرے بیٹے رابرٹ اور اس کی بیوی جن کا بیٹا ہے۔ ان کی دو بیٹیاں حنّہ اور سارہ بھی ہیں۔ نیا بچہ ہمارا پہلا اور اکلوتا پوتا ہے۔ میں اسے ''لٹل باب'' کہتا ہوں۔ وہ ایک اچھا ساتھی ہے، اور میں دعا کرتا ہوں کہ خُدا اُسے مبلغ بننے کے لیے بلائے!

آپ چھیالیس زبانوں میں ہمارے لفظ بہ لفظ واعظوں اور اسباق کو WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM پر پڑھ سکتے ہیں

جب میں بھرپیٹ ہوتا ہوں اور جب میں بھوکا ہوتا ہوں، جب میرے پاس ضرورت سے زیادہ ہو اور جب مجھے ضرورت ہوتی ہے، مسیح مجھے اچھے اور برے وقتوں میں قوت بخش چکا ہے۔ جون میں مجھے فالج کا دورہ پڑا۔ تب سے میں گھر پر آرام کر رہا ہوں۔ میرے پاس ایک پیشہ ور نگہداشت کرنے والا ہے جو میری مدد کرتا ہے، لیکن میری سب سے بڑی مددگار میری بیوی الیانا ہے۔ جو بھی ہو، میں خوشخبری کی منادی کو کبھی نہیں چھوڑوں گا۔ ہر ہفتے میں ایک ویڈیو پیغام ریکارڈ کرتا ہوں جو ہمارے گرجا گھر کو دکھائی جاتی ہے اور ہماری ویب سائٹ پر دکھائی جاتی ہے۔ میری پوری زندگی میں، مسیح مجھے قوت بخشتا ہے!

میں نے اکثر اپنے گرجا گھر کو مارلن فارنِک کی کہانی سنائی ہے۔ بہت پہلے وہ سان فرانسسکو کے شمال میں مارین کاؤنٹی میں ایک نوعمر لڑکی تھی۔ مارلن نے یسوع پر بھروسہ کیا۔ اگر مارلن منشیات لیتی یا لڑکوں کے ساتھ جنسی تعلق کرتی تو اس کی ماں کو سکون ہوتا – لیکن وہ ماں مسیح کا کوئی کردار نہیں چاہتی تھی! اس نے مارلن کو گھر سے باہر نکال پھینکا۔ مارلن نجات دہندہ کے ساتھ وفادار رہی۔ اپنے شوہر جیری کے ساتھ، وہ اب جمہوریہ چیک میں ایک مشنری ہے۔ 26 اگست کو جیری اور مارلن مجھے ہمارے گھر ملنے آئے۔ اُنہوں نے اپنی منسٹری کے بارے میں تفصیل بیان کی جسے ہم نے ویڈیو پر ریکارڈ کیا اور گرجا گھر میں لوگوں کو دکھایا۔ وہ کتنی بڑی نعمت ہیں! لوگوں کو بچانے اور اُن کو اُس کی خدمت میں استعمال کرنے میں خُدا کے فضل کو دیکھنا کتنا شاندار ہے۔ جیسا کہ یوحنا رسول نے کہا، ''مجھے یہ سننے سے بڑھ کر کوئی خوشی نہیں ہے کہ میرے بچے سچائی پر چلتے ہیں'' (III یوحنا 4)۔

29 اگست کو جیک نعان کو ہمارے نئے پادری صاحب کی حیثیت سے گرجا گھرمیں پیش کیا گیا۔ جیک ایک امریکی نژاد چینی شخص ہیں۔ وہ شادی شدہ اور دو بچوں کے باپ ہیں۔ میں پادری ایمریٹس ہوں، اُنہیں ایک پادری کے کام کے لیے تربیت دیتا ہوں، جیسا کہ میرے اپنے پادری ڈاکٹر ٹموتھی لِن نے مجھے تربیت دی تھی۔ بھائی نعان ایک بہترین مسیحی ہیں اور ہمیں ان سے بہت امیدیں ہیں۔ براہِ کرم ہمارے نئے گرجا گھر اور وہاں اُن کی مذہبی خدمات کے لیے دعا کریں۔

22 ستمبر کو سان گیبریل میں ہمارے گرجا گھر کی نئی عمارت کی تزئین و آرائش کے لیے تعمیراتی کام شروع ہوا۔ عمارت اگلے سال کے شروع میں استعمال کے لیے تیار ہو جائے گی۔ یہ ہزاروں چینی باشندوں کے درمیان واقع ہے۔

اکتوبر میں الیانا کے والد رافیل کیولر گوئٹے مالا سے بذریعہ پرواز آئے اور چند ہفتوں تک ہمارے گھر رہے۔ وہ نہایت نفیس شخص ہیں، اور بہت زندہ اور متحرک ہیں – اور اِس سے بھی بڑھ کر اگر آپ کو پتا چلے کہ اُن کی عمر 90 سال سے زیادہ ہے! ہم نے 29 اگست کو اپنے گھر میں کلیسیا کے لوگوں کے ساتھ اُن کی 91 ویں سالگرہ منائی۔

21 نومبر کو ہم نے اپنے گھر میں پورے گرجا گھر کے لیے ایک زبردست شکرگزاری کی ضیافت رکھی۔ وہ مزیدار تھی! ایلیانا، جیک نعان، اور ہمارے ڈیکن مینوئل مینسیا کو کھانا پکانے اور رات کا کھانا تیار کرنے کے لیے ہمارا شکریہ پیش کیا جاتا ہے۔

یہ سال کافی بہتر رہا ہے! سارا جلال خدا کو جاتا ہے جس نے ہماری دعاؤں کا جواب دیا اور مسیح کو جس نے ہماری جانوں کو بچایا۔ میں ان الفاظ کے بارے میں سوچتا ہوں جو جارج بیورلی شیGeorge Beverly Shea نے گلاسگو، سکاٹ لینڈ میں 1991 کے بلی گراہم کروسیڈ میں گائے تھے،

> اے میرے باپ، ہمیں اپنا بیٹا بخشنے کے لیے تیرا شکریہ
> اور جب تک کہ زمین پر کام مکمل نہ ہو جائے اپنی روح کو چھوڑنے کے لیے۔
> (''ایک نجات دہندہ ہےThere Is a Redeemer'' شاعر کیتھ گرین Keith Green، 1953-1982)۔

جب ہم نجات دہندہ کی پیدائش کا جشن منا رہے ہیں تو آئیے ہم زور سے پکاریں، ''شکر ہے، خُداوند خُدا۔ اور یسوع مسیح کی ستائش ہو!

میں اپنی پوتیوں کے ساتھ اگلی صف کے بیچ میں ہوں، بائیں طرف حنّہ اور دائیں طرف سارہ۔ پچھلی قطار میں، بائیں سے دائیں: الیانا کے والد رافیل کیولر، الیانا کی ماں لنڈا، رابرٹ لیسلی کی بیوی جن، ننّھا باب کو اس کے والد رابرٹ نے اُٹھایا ہوا، میری بیوی الیانا، ہمارا بیٹا ویزلی، اور الیانا کی بہن یویٹ کیولر۔

یسوع کے نام میں آپ کا اپنا

محترم آر ایل ہائیمرز جونیئر
D.Min., D.Rel., Th.D., Litt.D.
فلپیوں4: 13

آپ چھیالیس زبانوں میں ہمارے لفظ بہ لفظ واعظوں اور اسباق کو WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM پر پڑھ سکتے ہیں